- بعد نمازِ عشاء جاء نماز پر بیٹھے رہیں اور یہ وظیفہ پڑھیں: درود شریف ۱۱ مرتبہ، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ۷ تسبیحات (یعنی ۷۰۰ سو مرتبہ)، درود شریف ۱۱ مرتبہ۔ وظیفہ کے درمیان کسی قسم کی بات چیت یا رکاوٹ نہیں ہونی چاہئیے۔ اگر کسی طرح کی رکاوٹ آ جائے تو دوبارہ شروع کریں۔ مکمل ہونے کے بعد اللہ سے گڑگڑا کر ان کلمات کی ہیبت اور برکت سے تمام جادو، سحر، جنات، حسد یا کسی بھی طاغوطی قوت کے اثرات سے نجات کے لیے دعا کریں۔ ایک ہفتہ ۷ تسبیحات کریں، پھر کم کرنا چاہیں تو ایک ہفتہ ۵ تسبیحات، ایک ہفتہ ۳ تسبیحات اور پھر روزانہ ایک تسبیح کی جاسکتی ہے۔ اگر طبیعت لگے تو دوبارہ بڑھایا یا کم کیا جاسکتا ہے، مگر خیال رہے کہ تسبیحات ۱ یا ۳ یا ۵ یا ۷ ہی پڑھی جائیں۔
- ہر نماز مکمل کر لینے کے بعد یہ دعا سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونکیں اور ہاتھ چہرے اور داڑھی پر، سر اور گردن پر، بازوؤں اور سینے پر اور ٹانگوں پر پھیر لیں: اَللہُ حَافِظِی اَللہُ نَاصِرِی اَللہُ نَاظِرِی اَللہُ مَعِی فَاللہُ خَیْرٌ حَافِظًا ص وَّ ھُوَ اَرحَمُ الرَّاحِمِیْن۔ نمازِ عشاء میں وظیفۂ لاحول سے پہلے کریں۔
- قرآن کو ذوقی انتخاب کے مطابق نہ پڑھیں[أ]۔ اسے سورۃ الفاتحۃ سے شروع کریں اور رکوع کے حساب سے، یا سورۃ کے حساب سے یا منزل کے حساب سے روزانہ پڑھیں۔ اگر روزانہ ایک منزل پڑھی جا سکے تو خوب ہے کہ قرآن مجید میں سات منزلیں ہیں اور ہفتہ میں سات دن۔ اِس طرح ہر ہفتہ میں ایک بار قرآن مجید مکمل ہو سکے گا۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم از کم روزانہ ایک پارہ ضرور پڑھیں تاکہ ہر ماہ ایک قرآن مجید مکمل کیا جا سکے۔ پارہ مکمل ہو تو اگلے پارے میں رکوع تک جا کر چھوڑیں اور پھر اگلی بار یہیں سے شروع کریں۔ اگر قرآن حفظ کیا ہو تو بہتر ہے کہ نمازوں میں بھی رکوع یا سورۃ کے حساب سے ہی تلاوت کریں۔
- قرآن بلند آواز میں تجوید کے ساتھ پڑھیں۔ اگر تجوید نہ جانتے ہوں تو فوراً سیکھیں کیونکہ آواز کی ذرا سی غلطی سے آیت کا مفہوم بدل جاتا ہے۔
- کسی قسم کا کوئی اور وظیفہ نہ کریں اور صرف درودِ ابراھیمی کی کثرت کریں[ب]۔
- نماز باجماعت اور مکمل ادا کریں (موکدہ اور غیر موکدہ، دونوں قسم کے ارکان کا خیال رکھیں)۔

[أ] کچھ دوست کسی خاص مقصد کے لیے یا دل کے میلان کی وجہ سے ایک یا دو یا چند سورتیں روزانہ پڑھتے ہیں۔ یہ فوراً بند کر دیں۔ اگر مسلسل پڑھنے کی وجہ سے سورۃ یاد ہو چکی ہے اور چھوڑ دینے سے بھول جانے کا خدشہ ہے تو یہ سورۃ نماز میں پڑھنا شروع کر دیں۔

[ب] بغیر اجازت کوئی سورۃ یا درود (تاج، لکھی، اکبر، تنجینا وغیرہ) یا دعا (حزب البحر، گنج العرش وغیرہ) پڑھنا اکثر مشکلات میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔ ایسی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

- ایک صاحب کو بیماری، رزق اور دیگر مشکلات کا مسئلہ تھا جبکہ وہ سالوں سے روزانہ سورۃ یٰس پڑھ رہے تھے۔ تشخیش کی گئی تو معلوم ہوا کہ جب وہ سورۃ پڑھتے ہیں تو ان کے ارد گرد جنات کا جھمگٹا لگ جاتا ہے۔
- ایک عالم دین روزانہ سورۃ المزمل پڑھتے تھے۔ وہ ایک سال سے بھی زیادہ عرصہ بیمار رہے۔
- ایک خاتون کی ٹانگوں میں شدید تکلیف اور پنڈلیوں پر عجیب نشانات تھے اور تمام ڈاکٹر جواب دے چکے تھے اور ان کو سالوں سے درد کشا دواؤں پر رکھا گیا تھا۔

انھیں اور ایسے کئی لوگوں کو وظائف بند کر کے قرآن مجید اور درودِ ابراہیمی پر لگایا گیا تو وہ چند ہفتوں میں ٹھیک ہو گئے، الحمد للہ علٰی احسانہٖ۔ اکثر لوگ سمجھتے ہیں کہ ان پر کوئی جادو کرایا گیا ہے جبکہ حقیقت میں ان کے اپنے پڑھے ہوئے وظائف الٹ پڑ گئے ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ کئی بار گھروں میں ٹی وی ڈراموں، فلموں میں دکھائے جانے والے ہندو بھجن یا یہودی اور عیسائی مذہبی گیتوں کی آواز کی وجہ سے بھی جنات اور شیاطین حملہ کر دیتے ہیں۔ جس طرح قرآن کی تلاوت (چاہے ریکارڈنگ ہی کیوں نہ ہو) گھر میں باعثِ برکت ہوتی ہے، اُسی طرح یہ آوازیں بھی باعثِ شیطنت ہوتی ہیں۔

خیال رہے کہ تمام اوراد کسی نہ کسی ولی کو ودیعت کیے گئے ہیں، جیسے درودِ تاج کی اجازت حضرت ابو الحسن شازلی رحمۃ اللہ علیہ کو براہِ راست نبی کریم صلی اللہ علیہ و اٰلہ وسلم سے حاصل ہوئی تھی، اور پھر ان کی روحانی اولاد کو نسل در نسل یہ اجازت منتقل ہوتی رہی۔ بغیر اجازت، یہ سمجھ کر کہ یہ تو درود ہے، پڑھنا بھی مشکلات پیدا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی بار دو وظائف یا اسماء آپس میں ٹکراؤ بھی رکھتے ہیں جس سے مشکلات بڑھ جاتی ہیں۔